بسم اللہ الرحمن الرحیم

Bidar Betterment Foundation

ಬೀದರ್ ಬೆಟರ್ಮೆಂಟ್ ಫೌಂಡೇಶನ್

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن

Reg. No. BDR-4-197/2022-23

Address: SM Tower, Opp. Chand Badlesha Masjid, Siddiq Shah Taleem, Bidar - 585401.

تاریخ: 30/ مارچ 2025ء

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اہل بیدر کے باشعور، سنجیدہ فکر، ملی جذبہ کے حامل قابل احترام بزرگ حضرات و نوجوانان کو عید الفطر کی پرخلوص مبارک باد

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن گزشتہ زائد از ڈھائی سال سے اہل بیدر کے مجموعی مسائل کے درمیان متحرک رہتے ہوئے وسائل تک رسائی کی سعی میں لگی رہی، اور شعبہ حیات کے فوری توجہ طلب امور جیسے نوجوانوں میں مساجد سے رغبت، سماجی سطح پر شعور بیداری، طلبہ کے تعلیمی تسلسل میں رہنمائی، متوسط اور خط غربت میں رہنے والوں کے لئے مفت طبی جانچ کا نظم، سماجی سطح پر مضر صحت اشغال کے تدارک کے لئے مہمات، سودی معاملات اور سنگھ جیسی لعنت سے آگہی کے لئے شعور بیداری وغیرہ تحریکات الحمدللہ محدود وسائل کے باوجود استقلال کے ساتھ آج بھی جاری و ساری ہیں۔ اِن شاء اللہ فاؤنڈیشن اہل بیدر کی تائید اور تعاون سے مزید بامقصد اور قابل تقلید امور انجام دینے کی سعی کرتا رہے گا۔

درج بالا ذکر کردہ سماجی، معاشی، طبی اور اخلاقی میدانوں میں اہل بیدر کا تقریباً طبقہ عدم واقفیت، مستقبل سے لاتعلقی اور خود کو بندۂ خدا کے وصف سے دور کرنے کے نتیجہ میں اللہ کی ناراضگی کا شکار ہوتے ہوئے پریشان کن صورتحال میں خود کو مبتلا کرلیا ہے۔

بی بی ایف نے ان تمام درج بالا منفی سرگرمیوں کے تدارک اور مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی اور رواج دینے کے لئے قابل تقلید مہمات شروع کیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہماری فکر و خیال، جدوجہد سودمند بھی ثابت ہوئی اور اہل بیدر نے اس کی نہ صرف پذیرائی کی بلکہ اپنی طرف سے تعاون بھی کیا۔ فاؤنڈیشن کا یقین ہے کہ ان ساری کاوشوں کی کامیابی محض اللہ کی بھرپور مدد و نصرت، اس کے فضل اور احسان عظیم ہی کا نتیجہ ہے۔

آج ہم ان کارگزاریوں کو تحریراً آپ کی بصیرت اور بصارت کے حوالہ کرنے کا مقصد یہی ہے کہ آپ فاؤنڈیشن کے حق میں دعائیں کریں، نیک خواہشات رکھیں اور فاؤنڈیشن کو توانائی فراہم کرنے کے لئے اپنا دست دراز کریں تاکہ ہم مزید مستعدی کے ساتھ اہل بیدر کی ہر سطح پر رہنمائی کرسکے! جزاکم اللہ

گزشتہ ماہ 12/ کلسٹر کی 14/ مساجد کے تحت مفت طبی جانچ (Free Health Camp) ہفتہ میں تین دن کی بنیاد پر منعقد کئے گئے جو جاریہ ماہ مارچ کی 28/ تاریخ تک چلتے رہے، اللہ کے فضل و کرم سے مسجد علاقہ کے رہائش پذیر مکین کے تعاون عمل سے مفت طبی جانچ کا یہ مرحلہ بے انتہا کامیاب رہا، اس میں آپ لوگوں کی خصوصی دلچسپی کا بہت بڑا دخل رہا۔ مذکورہ طبی جانچ کی تفصیلات اس طرح ہیں۔

23/ فروری تا 28/ مارچ 2025ء جملہ 14/ مفت ہیلتھ کیمپ سے مستفید ہونے مختلف جانچ اس طرح ہے۔

- 646/ افراد کی اسکریننگ برائے ایچ ٹی این اور ڈی ایم کی گئی۔
  - (مذکورہ 646/ اسکریننگ میں جنس کا تناسب اس طرح ہے۔)
  - 435/ مرد حضرات کی اسکریننگ کی گئی، جبکہ
  - 211/ خواتین کی اسکریننگ کی گئی۔
- 46/ وہ نئے افراد ہیں جن کی ایچ ٹی این کی تصدیق ہوئی ہے۔
- 37/ وہ مریض ہیں جن میں ڈی ایم کے ہونے کی علامات ملی ہیں۔
- 38/ ایسے مریض جنہیں جانچ کے بعد ماہر امراض ڈاکٹروں سے رجوع ہونے کی صلاح دی گئی۔
- 01/ مریض میں ٹیوبرکلوسیس (ٹی بی) کی علامات پائی گئیں۔
- 01/ مریض میں گلوکوما کی علامات پائی گئیں۔

اس طرح بہت سے افراد نے مفت ہیلتھ کیمپ سے استفادہ کیا، مستفید ہونے والوں میں برادران وطن کی بھی اچھی تعداد رہی۔

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن اہل بیدر کے تعاون اور استفادہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کلسٹر کی دیگر مساجد میں مفت ہیلتھ کیمپ منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوسکیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Bidar Betterment Foundation

ಬೀದರ್ ಬೆಟರ್ಮೆಂಟ್ ಫೌಂಡೇಶನ್

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن

Reg. No. BDR-4-197/2022-23

Address: SM Tower, Opp. Chand Badlesha Masjid, Siddiq Shah Taleem, Bidar - 585401.

اللہ کے فضل وکرم سے آپ جمیع مساجد کے صدور وسکریٹریز کے تعاون خاص سے بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن زائد از ڈھائی سال سے ملت کی فلاح وبہبود کے لئے سرگرم عمل ہے۔فاؤنڈیشن نے ملت کے طلبہ ونوجوانوں میں نمازوں کی پابندی کے لئے 137/مساجد میں منظم طریقہ سے تحریک چلائی جو انتہائی حوصلہ مند نتائج کے آج بھی جاری وساری ہے۔جبکہ اس کی ذیلی تحریکیں جیسے"سنڈے کلاس"،"سنڈے نماز ورکشاپ"اور"نماز اور قرآن سمجھیں آسان طریقے سے" بھی الحمدللہ اچھے نتائج کے ساتھ جاری ہیں۔طلبہ ونوجوانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اور والینٹرس کی عزت افزائی کے لئے ہر چالیس روز کے بعد تہنیتی جلسوں کا اہتمام کرتے ہوئے اسناد اور انعام سے نوازنے کا سلسلہ بھی رواں دواں رکھا گیا ہے۔

درج ذیل میں دیگر مثالی سرگرمیوں کا خاکہ پیش ہے جو آپ کے مشاہدہ میں بھی رہا ہے

بی بی ایف کی جانب سے روز قیام سے لے کر تاحال بے مثال اور قابل تقلید ملی،فلاحی امور جو تمام کے تمام مسجد کو مرکز بنا کر انجام دیئے گئے اور جن کا اعتراف ذمہ داران مساجد اور اہل بیدر نے بھی کیا ہے۔

- تمام مساجد میں چادروں کی دھلائی،مساجد کی صفائی،بیت الخلاؤں کی صفائی کا اہتمام کیا گیا ہے اور وقفہ وقفہ سے یہ عمل جاری رہے گا۔
- ہر مسجد میں اسٹینڈی کے ذریعہ شعور بیداری کے موضوعات کے تحت مواد اہل بیدر کو فراہم کیا گیا ہے،مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔
- استعمال شدہ کپڑوں کو ہر مسجد سے حاصل کر کے ان کی صفائی ودرستگی کے بعد پسماندہ علاقوں کے مستحقین میں تقسیم کیا گیا ہے اور اس سال بھی اس کا نظم کیا گیا ہے۔
- عوامی سطح پر سماجی،مذہبی اور سیاسی شعور بیداری کے موضوعات پر اہل بیدر کو واقف کروانا بی بی ایف کا وطیرہ رہا ہے اور اِن شاءاللہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔
- ریاستی وملکی سطح کے انتخابات کے دوران رائے دہندگان کی ذہن سازی،رائے دہی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے پرزور انداز میں مہم چلائی گئی اور اس کے مثبت اثرات بھی رونما ہوئے۔
- مسجد کو مرکز بنا کر ضلعی سطح پر مخالف سنگھ مہم چلائی گئی تاکہ ملت کو بری لت اور لعنت سے ہمیشہ دوری اختیار کرنے ترغیب ہو،اِن شاءاللہ بیداری کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔
- نکاح میں سادگی کو اختیار کرنے فضولیات سے بچنے اور فرسودہ رسومات کو ترک کرنے کے لئے ضلعی سطح پر تشہیری تحریک چلائی گئی جو مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔
- منشیات کے خلاف اس کے مضر اثرات اور صحت کی تباہی سے متعلق ضلعی سطح پر تحریک چلائی گئی اور صحت مند معاشرہ کے فروغ کے لئے یہ سلسلہ جاری رہے گا۔
- پرامن بقائے باہم کے جذبہ کو پروان چڑھانے،انسانی اوصاف کی بحالی،صحت مند سماج کی تشکیل اور یکجہتی کے فروغ کے لئے ماہ رمضان میں برادران وطن کے لئے دعوت افطار کا اہتمام مساجد میں کیا گیا تاکہ غلط فہمیاں اور نفرت کا ماحول ختم کیا جاسکے۔
- بی بی ایف کی جانب سے مستقل طور پر ہر ماہ کی اساس پر کلسٹر کی منتخب مساجد میں فری ہیلتھ کیمپ کا کامیاب انعقاد کروایا گیا جس سے سماج کے تمام طبقات مستفید ہو رہے ہیں اور اِن شاءاللہ یہ سلسلہ جاری رہے گا۔
- 12/کلسٹر کے 137/مساجد کے قرب وجوار میں صدقہ کی فضیلت،اہمیت اور اس سے متعلق شعور بیداری مہم کے ساتھ تقریباً 3000/مکانات میں صدقہ باکس پہنچائے گئے اور ترغیب دی گئی کہ ہر روز اس میں کچھ رقم ڈالتے رہیں جو کہ آفات وبلیات سے تحفظ والا عمل ہے۔اللہ کے فضل سے اہل بیدر نے صدقہ باکس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے صدقات نذر کرتے رہے،ان صدقات کی رقم کے ذریعہ بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن ملت کے مجبور،مفلوک الحال،بیوہ،یتیم اور معذور کی کسی حد تک کفالت کرنے میں کامیابی حاصل کرسکا۔اس خصوص میں مسجد کے صدور وسکریٹریز،مسجد سے متصل مکین کو ترغیب دینے اور کار خیر میں حصہ لینے کے لئے بھرپور تعاون کئے۔اللہ ان سب کو خوب اجر عطا فرمائے۔

Bidar Betterment Foundation

DARUL-KHAIR Unani Hospital

SHAHEEN HOSPITALS

HELPING HANDS SOCIETY®

Free Health Camp Schedule

Date	MORNING After Fajr to 9:00 am		EVENING After Maghrib to 9:30 pm	
	Name of Masajid	Cl. No.	Name of Masajid	Cl. No.
1	Masjid-e-Muslim Hostel	4	Masjid-e-Bilal Lalwadi	1
2	Masjid-e-Ali	7	Vacant	
3	Madina Masjid (Nai Kaman)	3	Masjid-e-Ansar	10
4	Masjid-e-Sufiya Kunjnasheen	5	Masjid-e-Mahboob-e-Subhani	6
5	Masjid-e-Lateefpura	2	Masjid-e-Malan Noor (Partab Nagar)	9
6	Vacant		Masjid-e-Umar (Mailoor)	10
7	Masjid-e-Saudagran	8	Shaik Mahmoodiya	11
8	Masjid Abubakar	12	Masjid-e-Rahmat	4
9	Jame Masjid Lalwadi	1	Masjid-e-Mahboob-e-Ilahi	5
10	Vacant		Masjid-e-Mustaidpura	3
11	Masjid-e-Lalan Hussaini (Patal Nagri)	6	Masjid-e-Aqsa (Badruddin Colony)	11
12	Masjid-e-Hamidia	4	Masjid-e-Khadija	7
13	Masjid-e-Bilal (Mailoor)	10	Vacant	
14	Masjid-e-Qasim Hussaini	12	Masjid-e-Saleheen	8
15	Mohammadiya Jamiya Masjid Naubad	9	Masjid-e-Ibrahim	5
16	Masjid-e-Siddique Shah	3	Masjid-e-Chistiyapura	7
17	Masjid-e-Shah Abul Hasan Qadri	11	Masjid-e-Al-Mazhar	8
18	Jame Masjid Bidar	2	Masjid-e-Azam	6
19	Masjid Ahmed	11	Masjid-e-Zainab	12
20	Masjid-e-Shamsia	8	Masjid-e-Masood Nazam	10
21	Jame Masjid Chidri	11	Vacant	
22	Dastageer Masjid Kumbarwada	1	Vacant	
23	Masjid-e-Usmania	5	Masjid-e-Hasan Quadri	4
24	Masjid-e-Gole Khana	6	Vacant	
25	Vacant		Masjid-e-Umar	12
26	Jame Masjid Mailoor	10	Sabz Masjid	2
27	Jame Masjid Aliabad	9	Masjid-e-Usman bin Affan	11
28	Masjid-e-Noor Khan Taleem	7	Vacant	
29	Vacant		Masjid-e-Alfateh	1
30	Vacant		Masjid-e-Taam Shikari	2

Helpline: 9071717567

آؤ صدقہ کو ڈھال بنائیں

سورہ ذاریات کی آیت نمبر 19 میں فرمایا گیا ''اوران کے مالوں میں مانگنے والوں اور بے سہارالوگوں کا حق ہے'' امام طبریؒ نے حق سے مراد یہاں زکوٰۃ وصدقات کو لیا ہے۔احادیث نبویہ صدقات کے فضائل اور ترغیب سے بھری پری ہیں۔

امام ترمذیؒ کی مشہور روایت ہے ''صدقہ اللہ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بری موت سے دفاع کرتا ہے۔''

فاؤنڈیشن کی جانب سے 3000/ہزار صدقہ باکس بیدر کے گھروں میں رکھے گئے ہیں، یہ تناسب شہر کی مسلم آبادی کی نسبت بہت کم ہے، آپ اپنے متعلقین، دوست واحباب اور پڑوسیوں کو ترغیب دیجئے کہ وہ سیوا کیندرا سے باکس حاصل کریں اور گھر کے ذمہ دار، اہل وعیال سب کے سب خوشی کے لمحات میں، ناسازئ مزاج کے موقع پر، ڈراور خوف کے ماحول میں، امتحانات کے موقع پر اور ناگہانی حالات سے محفوظ رہنے کے لئے جس قدر بھی ممکن ہو رقم صدقہ باکس میں ڈالتے رہیں۔تاکہ اللہ آفات وبلیات سے محفوظ رکھے۔

فاؤنڈیشن صدقہ باکس کو اس کی موجودہ ہیئت سے بدل کر شفافیت والا (کانچ کا) باکس میں تبدیل کرنے کا منصوبہ ہے تاکہ ہر دیکھنے والے کو ترغیب ملے اور صدقہ نکالنے کا وہ معمول بنالے۔

فاؤنڈیشن صدقہ باکس کو اب تجارتی مراکز (دکانوں اور ہوٹلوں) پر بھی رکھنے کا ارادہ کیا ہے تاکہ کاروباری حضرات صدقہ کے مزاج کو اختیار کرتے ہوئے تجارت کے نقصان سے بچیں اور صدقہ کے ذریعہ برکت بھی پائیں۔

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن کو اس بات کا خوشگوار اعتراف ہے کہ اہل بیدر نے فاؤنڈیشن کے تئیں جس یقین اور اعتماد کے ساتھ تعاون عمل جاری رکھا ہے اس کو شفافیت کے ساتھ اہل بیدر کے سامنے ظاہر کیا جائے تاکہ ان کا تعاون عمل مزید مستحکم سطح پر جاری رہے۔

درج ذیل میں جنوری 2023ء تا مارچ 2025ء کے دورانیہ میں صدقہ باکس کے ذریعہ حاصل شدہ صدقہ رقم اور پھر فاؤنڈیشن کی جانب سے مختلف مستحقین کی ضرورتوں کی تکمیل کی تفصیلات کے اعداد وشمار اہل بیدر کے سامنے مختلف امدادی شعبوں کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں۔اس خصوص میں فاؤنڈیشن اس وضاحت کو لازمی سمجھتا ہے کہ فاؤنڈیشن کے تحت کام کرنے والے عملہ کی تنخواہیں، دفاتر کے کرایہ جات، نقل وحمل کے اخراجات وغیرہ فاؤنڈیشن چیئرمین اور جملہ ٹرسٹیان کے تعاون سے پورے کئے جاتے ہیں۔کسی قسم کا تعاون دیگر کسی بھی ذرائع سے تاحال حاصل نہیں ہے۔

مزید یہ کہ صدقات کی شکل میں صدقہ باکس سے حاصل شدہ صدقہ رقم صرف اور صرف مستحقین (دواخانہ اخراجات، ادویات کے اخراجات، رقمی امداد، ماہانہ راشن کٹس، رمضان راشن کٹس) وغیرہ کے لئے مستعمل رہی ہے۔

واضح رہے کہ حاصل شدہ جملہ صدقہ باکس کی رقم مختلف مدوں میں خرچ کردہ رقم اور ماباقی محفوظ رقم فاؤنڈیشن کے پاس ہے جس کا تصرف مستقبل میں مذکورہ بالا امور ہی میں ہوگا۔

صدقہ باکس سے بطور صدقات آمدو خرچ ایک نظر میں

نمبر شمار		کلسٹر نمبر	حاصل شدہ رقم	اخراجات	ہاسپیٹل کی بل	ادویات، امداد اور سلائی مشین	راشن کٹس	رمضان راشن کٹس	کل اخراجات
1	جنوری 2023ء سے مارچ 2025ء تک	1	298,989.39	-	-	15,000	-	35,000	50,000
2		2	223,903.00	69,294	30,000	15,000	65,106	35,000	145,106
3		3	141,002	45,000	40,000	13,000	1,047	32,000	86,047
4		4	127,169	43,587	40,000	50,000	3,587	45,000	138,587
5		5	98,358	20,000	20,000	25,000	1,047	45,000	91,047
6		6	249,337.00	110,948	100,000	106,500	13,273	45,000	264,773
7		7	391,788.00	46,230	25,000	28,800	12,276	40,000	106,076
8		8	257,020.00	17,224	10,000	12,200	22,737	40,000	84,937
9		9	86,406	-	-	-	-	35,000	35,000
10		10	107,910	8,460	5,000	15,000	8,082	85,000	113,082
11		11	418,306	56,496	19,860	34,299	49,538	120,000	223,697
12		12	68,306	14,876		10,000	15,995	60,000	85,995
		منجملہ	**2,468,494.39**	432,115	289,860	324,799	192,686	617000	1,424,345

جملہ حاصل شدہ رقم 24,68,494.39

کل اخراجات 1,424,345.00

کل بچت 1,044,149.39

اہل بیدر سے دردمندانہ گزارش
برائے مشورہ وتجاویز

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن گزشتہ ڈھائی سال سے اہل بیدر کے درمیان متعدد فلاحی، سماجی، معاشرتی اور دینی سرگرمیوں کو انتہائی استقلال کے ساتھ بطور تحریک اور مہم جوئی کے انداز میں مساجد کو مرکز بنا کر اور ذمہ داران مساجد کو باور کراتے ہوئے چلا رہی ہے۔ ہمارا یہ احساس ہے کہ مسجد علاقہ کے مکین ہماری ان ملی آبیاری کی سرگرمیوں سے مطمئن ہوں گے۔

فاؤنڈیشن نے بہت سے ان امور پر سنجیدہ کاوشوں کا عزم کر رکھا ہے جس کے ذریعہ معاشرتی اصلاح بہت حد تک ممکن ہے۔ جیسے طلبہ ونوجوانوں میں بامقصد زندگی گزارنے اور بندگی کا حق ادا کرنے کی طرف انہیں راغب کرنا۔

- وہ سماجی سرگرمیاں جس میں ملوث ہو کر ملت کا ایک بڑا طبقہ پریشان حالی کا شکار ہے، اس روش سے نکال لانا۔
- غیر اسلامی معاملات میں ملوث ہو کر معاشرتی رسوائی کا ارتکاب کرنا۔
- پیشہ ورانہ بھیک مانگنے کی لت کو اختیار کر کے، برے اطوار میں گزر بسر کرنا۔
- فرسودہ رسومات، بدعات اپنا کر معاشی حیثیت کو متزلزل کرنا اور مقروض ہو جانا۔
- غیر ضروری اور سماجی نمود کی خاطر حیثیت سے بڑھ کر گزرنا اور پھر پریشانیوں میں مبتلا ہونا۔
- حاجت مند، مفلوک الحال، معذورین، بیواؤں اور مجبوروں کے لئے دست دراز نہ کرنے کا مزاج بنا لینا۔
- دینی اور دنیاوی تعلیم کو ترجیحی بنیاد پر قبول نہ کرنا
- والدین کا اپنی اولاد کے لئے مجہول رویہ۔
- نوجوانوں کا شب دیر تک حلقہ احباب میں بے مقصد محض لغویات میں پڑے رہنا، تاخیر سے گھروں کو لوٹنا۔
- ملت کی صحت، ملت کی معیشت، ملت کی سماجی رواداری، ملت کی مذہبی شناخت، ملت کی اخلاقی شناخت، ملت کی لڑکیوں کے باغیانہ تیور، حکم عدولی، تعلیم کے سطحی مفہوم کو اختیار کرنا، ارتداد کی طرف مائل ہونا۔
- فی الحال ملک بھر میں ان تمام سنگین نوعیت کے جرائم کے ارتکاب میں ہے۔

ہم اپنے شہر کی سطح پر جملہ منفی سرگرمیوں کا تدارک کرنے کے لئے آپ سے مشاورت اور تجاویز کے طلبگار ہیں۔ اگر آپ سب اس مستقبل کی اندوہناک تصویر کا تصور کر رہے ہیں تو فوری طور پر اپنی صلاحیتوں کو مجتمع کرتے ہوئے آگے آئیں۔ بی بی ایف کا یہ ایقان ہے کہ سب مل کر ہی ان پر قابو پا سکتے ہیں اور ایک مثالی معاشرہ کی داغ بیل ڈال سکتے ہیں۔ ہم آپ کے مشوروں اور تجاویز کے منتظر ہیں۔

Head Office
1st Floor S.M Tower, Opp. Masjid-e-Chand Bodle Shah, Chowbara Road, Bidar-585401
Call: 9448965656 | www.bidarbettermentfoundation.org